یونائیٹڈ ڈسٹری بیوٹرز پاکستان لمیٹڈ

41 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ یونائیٹڈ ڈسٹری بیوٹرز پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص یافتگان کا **41**واں سالانہ اجلاس عام **(AGM)** بروز جمعہ، مورخہ **27** اکتوبر **2023** بوقت **04:00** بجے، بمقام **ICMA** پاکستان بلڈنگ، **ST-18/C**، **ICMAP** ایونیو، بلاک-**6**، گلشن اقبال، کراچی پر اور وڈیو لنک سہولت کے ذریعہ منعقد کیا جائیگا۔

اے جی ایم مندرجہ ذیل کاروبار کے لین دین کیلئے منعقد کیا جارہا ہے:

عام کاروبار

(1) 14 جولائی **2023** کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنے کیلئے۔

(2) 30 جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں وصول کرنے، ان پر غور کرنے اور اس پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ اپنانے کیلئے۔

(3) سال **2024** کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ طے کرنے کیلئے، موجودہ آڈیٹرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ریٹائر ہورہے ہیں اور اہل ہونے کے باعث، کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کیا ہے۔

خصوصی کاروبار

(4) 30 جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کیلئے متعلقہ پارٹیز کیساتھ کئے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری بذریعہ درج ذیل خصوصی قرارداد ترمیم کیساتھ یا بغیر ترمیم منظور کرنے کیلئے:

''**قرار پایا کہ** کمپنی کی جانب سے کئے گئے لین دین، جیسا کہ **30** جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ-**33** میں بتایا کیا گیا ہے اور سیکشن **134(3)** کے تحت میٹریل انفارمیشن کے اسٹیٹمنٹ میں بیان کیا گیا ہے، کی بذریعہ ہذا توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بذریعہ ہذا اختیار ہے کہ وہ کمپنی کے اگلے سالانہ اجلاس عام تک تمام لین دین کی منظوری دیں اور متعلقہ پارٹیز کیساتھ معمول کے مطابق کاروبار کریں اور اس سلسلے میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو کوئی بھی، یا تمام ضروری کارروائی کرنے اور کمپنی کی جانب سے اس سلسلے میں درکار کسی بھی اور ایسے تمام دستاویزات/ انڈینچرز پر دستخط/عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے۔

(5) کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا معاوضہ طے کرنا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم کیساتھ یا ترمیم کے بغیر، عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا۔

''**قرار پایا کہ** کمپنی بذریعہ ہذا چیف ایگزیکٹو آفیسر کو معاوضے کی ادائیگی کی منظوری اور اجازت دیتی ہے جو کمپنی کے قواعد کے تحت قابل قبول مراعات اور فوائد کے علاوہ، کل رقم **22.5** ملین روپے سالانہ سے زائد نہیں ہوگی۔

دیگر کاروبار

(6) چیئر کی اجازت سے کسی دیگر کاروبار کا لین دین۔

حسب الحکم بورڈ

کراچی

مورخہ **6** اکتوبر **2023**

محمد عمران :::: کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

(1) شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ **21** اکتوبر **2023** سے **27** اکتوبر **2023** تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ **20** اکتوبر **2023** کو بزنس کے اختتام تک، ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، **CDC** ہاؤس، **99-B**، بلاک **B**، مین شاہراہ فیصل، کراچی کے آفس میں موصول ہونے والے ٹرانسفرز (اگر کوئی ہوئے) بروقت تصور کئے جائیں گے۔

(1) ذاتی موجودگی یا وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ AGM میں شرکت:

جن اراکین کے نام **20** اکتوبر **2023** تک ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں گے، وہ **AGM** میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں، **AGM** میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن کو شرکت کرنے، بات کرنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی مقرر کرنے کا حق حاصل ہے، **AGM** کیلئے قابل اطلاق پراکسی کا ایک انسٹرومنٹ ممبران کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جارہا ہے، پراکسی کے انسٹرومنٹ کی مزید کاپیاں دفتری اوقات کار میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کی جاسکتی ہیں، پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ **http://www.udpl.com.pk** سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے، پراکسی کا ایک انسٹرومنٹ اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں، یا اس طرح کی پاور یا اتھارٹی کو کارآمد ہونے کیلئے اس کی مصدقہ نقل بذریعہ ای میل **m.imran@udpl.com.pk** پر **AGM** کے وقت سے اڑتالیس گھنٹے **(48)** گھنٹے قبل (علاوہ تعطیلات) جمع کرانا لازمی ہے۔

وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے **AGM** میں شرکت کیلئے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، سیل نمبر اور اپنے نام پر رکھے گئے حصص کی تعداد بعنوان ''رجسٹریشن برائے **UDPL AGM-2023**'' **AGM** سے اڑتالیس گھنٹے **(48)** گھنٹے قبل بذریعہ ای میل **m.imran@udpl.com.pk** پر ارسال کردیں۔

(3) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") اکاؤنٹس رکھنے والوں کیلئے گائیڈ لائنز:

سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والوں کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان **(SECP)** کے جاری کردہ سرکلر-**1** مورخہ **26** جنوری **2000** میں درج ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

EGM میں شرکت:

- افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی سیکورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، **AGM** کے وقت سے کم از کم **48** گھنٹے قبل بذریعہ ای میل (جیسا کہ نوٹس میں درج کیا گیا ہے) اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ **(CNIC)** یا پاسپورٹ کی نقل فراہم کرکے اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کو نامزد شخص کے نمونہ دستخط کیساتھ **AGM** کے وقت سے کم از کم **48** (اڑتالیس) گھنٹے قبل ای میل ایڈریس پر شیئر کیا جائیگا (جیسا کہ نوٹس میں درج کیا گیا ہے) (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

پراکسیز کے تقرر کیلئے:

- افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات **CDC** ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔
- پراکسی فارم پر **2** افراد گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور **CNIC** نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
- پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے **CNIC** یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کی جائیں گی۔
- پراکسی، **AGM** کے وقت سے کم از کم **48** (اڑتالیس) گھنٹے قبل بذریعہ ای میل (جیسا کہ نوٹس میں بیان کیا گیا ہے) پر اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ **(CNIC)** یا پاسپورٹ کی نقل فراہم کرے گا۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کیساتھ، **AGM** کے وقت سے کم از کم **48** گھنٹے قبل بذریعہ ای میل (جیسا کہ نوٹس میں بیان کیا گیا ہے) پر، پراکسی فارم کیساتھ جمع کرائے جائیں (اگر یہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)

(4) پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ طور پر، پر کئے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ **(CNIC)** کی نقل کیساتھ میٹنگ کے چیئرمین کے پاس بذریعہ پوسٹ کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پلاٹ نمبر **105**، سیکٹر **7-A**، مہران ٹاؤن، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی یا ای میل **m.imran@udpl.com.pk** پر سالانہ اجلاس عام مورخہ **26** اکتوبر **2023** سے ایک دن قبل تک دفتری اوقات کے دوران پہنچ جائے، بیلٹ پیپر پر دستخط **CNIC** پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

ممبران کی سہولت کیلئے، بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ **www/udpl.com.pk** پر ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

(5) ای ووٹنگ کیلئے ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

شیئر ہولڈرز کمپنیز ایکٹ **2017** کے سیکشن **143-145** اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز **2018** کی قابل اطلاق دفعات کے ساتھ مشروط، ای ووٹنگ کا حق استعمال کرسکتے ہیں، ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کا تفصیلی طریقہ کار نوٹس کیساتھ منسلک کردیا گیا ہے۔

I ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کیساتھ ایک ای میل کے ذریعہ شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد **CNIC** نمبرز، سیل نمبرز اور ای میل ایڈریسز کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں **20** اکتوبر **2023** کو بزنس کے اختتام تک دستیاب ہوں گے۔

II ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعہ ممبران کو بتائے جائیں گے، سیکورٹی کوڈز، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

III ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعہ کی جائیگی۔

IV ای۔ووٹنگ لائنز **22** اکتوبر **2023** صبح **09:00** بجے سے شروع ہوں گی اور **26** اکتوبر **2023** کو شام **5:00** بجے بند ہوں گی، ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں، ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(4) کارآمد CNIC جمع کرانا:

SECP کی ہدایات کے مطابق جن شیئر ہولڈرز کے کارآمد شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں، ان کا ڈیویڈنڈ روکا جاسکتا ہے، اس لئے فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے کارآمد **CNIC** کی فوٹو کاپی فوری طور پر، اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو، بغیر کسی تاخیر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔

(5) غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعویٰ نہیں کرسکے (اگر کوئی ہوں)، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویدار منافع کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، **CDC** ہاؤس، **99-B**، بلاک **B**، مین شاہراہ فیصل، کراچی سے رابطہ کریں۔

(6) سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کی منتقلی:

کمپنیز ایکٹ **2017** کے سیکشن **72** کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو **SECP** کی جانب سے مطلع کردہ مقررہ مدت کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کیساتھ تبدیل کرانا ضروری ہے۔

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ فزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکرز کیساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست سی ڈی سی کیساتھ انوسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں رکھ سکیں۔

(7) وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ **2017** کے سیکشن **(2) 132** کے مطابق، اگر کمپنی کسی جغرافیائی محل وقوع میں رہائش پذیر **10%** یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کے موقع پر، اجلاس میں شرکت کیلئے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم **7** دن قبل رضامندی حاصل کرتی ہے، کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کا انتظام کرے گی، اس شہر میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط، اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے براہ کرم کمپنی سیکریٹری کو ایسی درخواست جمع کروائیں۔

(8) سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، رپورٹس اور **AGM** کے نوٹس کی ترسیل:

30 جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کردیا گیا ہے، جنہیں درج ذیل لنک اور **QR** کوڈ سے حاصل/ ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://udpl.com.pk/wp-content/uploads/2023/09/Annual-Accounts-2023.pdf

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کیساتھ رپورٹس اور **AGM** کے نوٹس ان ممبران کو ای میل کے ذریعہ ارسال کئے جارہے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کئے ہیں، سالانہ رپورٹ کی فزیکل کاپی **7** ایام کار میں میں مطالبہ کرنے پر فراہم کی جائیگی۔

یونائیٹڈ ڈسٹری بیوٹرز پاکستان لمیٹڈ

پوسٹل بیلٹ پیپر

سالانہ اجلاس عام منعقدہ بروز جمعہ مورخہ **27** اکتوبر **2023** بوقت سہ پہر **04:00** بجے، بمقام **ICMA** پاکستان بلڈنگ، **ST-18/C**، **ICMAP** ایونیو، بلاک-**6** گلشن اقبال، کراچی

ٹیلیفون نمبر **+92-331-111-0835** ویب سائٹ **www.udpl.com.pk** کے خصوصی کاروبار کیلئے بذریعہ پوسٹ ووٹنگ کیلئے پوسٹل بیلٹ پیپر۔

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
موجود شیئرز کی تعداد	
CNIC / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (فوٹو کاپی منسلک کریں)	
اضافی معلومات اور انکلوژرز (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور فیڈرل گورنمنٹ کے نمائندے کی صورت میں)	
مجاز دستخط کنندہ کا نام	
مجاز دستخط کنندہ کا **CNIC** / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کریں)	

ایجنڈا آئٹم نمبر 4 کیلئے قرارداد:

30 جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کیلئے متعلقہ پارٹیز کیساتھ کئے گئے لین دین کی توثیق اور منظوری بذریعہ درج ذیل خصوصی قرارداد، ترمیم کیساتھ یا بغیر ترمیم منظور کرنے کیلئے:

''**قرار پایا کہ** کمپنی کی جانب سے کئے گئے لین دین، جیسا کہ **30** جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ-**33** میں بتایا کیا گیا ہے اور سیکشن **134(3)** کے تحت میٹریل انفارمیشن کے اسٹیٹمنٹ میں بیان کیا گیا ہے، کی بذریعہ ہذا توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بذریعہ ہذا اختیار ہے کہ وہ کمپنی کے اگلے سالانہ اجلاس عام تک تمام لین دین کی منظوری دیں اور متعلقہ پارٹیز کیساتھ معمول کے مطابق کاروبار کریں اور اس سلسلے میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو کوئی بھی، یا تمام ضروری کارروائی کرنے اور کمپنی کی جانب سے اس سلسلے میں درکار کسی بھی اور ایسے تمام دستاویزات/ انڈینچرز پر دستخط/عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 5 کیلئے قرارداد:

کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا معاوضہ طے کرنا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو ترمیم کیساتھ یا ترمیم کے بغیر، عام قرارداد کے طور پر منظور کرنا۔

''**قرار پایا کہ** کمپنی بذریعہ ہذا چیف ایگزیکٹو آفیسر کو معاوضے کی ادائیگی کی منظوری اور اجازت دیتی ہے جو کمپنی کے قواعد کے تحت قابل قبول مراعات اور فوائد کے علاوہ، کل رقم **22.5** ملین روپے سالانہ سے زائد نہیں ہوگی۔

پول کیلئے ہدایات

(1) براہ مہربانی متعلقہ خانہ کو ✔ کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

(2) اگر دونوں خانوں کو ✔ کے بطور نشان زدہ کیا گیا ہے، تو آپ کے پول کو ''مسترد'' سمجھا جائیگا۔

میں/ہم، بذریعہ ہذا، مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب خانہ میں ✔ کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ اپنی رضامندی یا اختلاف رائے پہنچاتے ہیں۔

قرارداد	میں/ہم اس قرارداد کی منظوری دیتے ہیں (حق)	میں/ہم اس قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں (خلاف)
ایجنڈا آئٹم نمبر **4** کیلئے قرارداد		
ایجنڈا آئٹم نمبر **5** کیلئے قرارداد		

(1) باقاعدہ پر کیا گیا بیلٹ پیپر، چیئرمین کو پلاٹ نمبر **105** سیکٹر **7-A**، مہران ٹاؤن، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی یا ای میل **m.imran@udpl.com.pk** پر ارسال کیا جائے۔ **2-** پوسٹل بیلٹ فارم کیساتھ **CNIC** / پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) منسلک کریں۔ **3-** بیلٹ پیپر، چیئرمین تک بروز جمعرات، **26** اکتوبر **2023** تک دفتری اوقات کار کے اندر پہنچ جائیں، اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی بیلٹ پیپر پر ووٹنگ کیلئے غور نہیں کیا جائیگا۔ **(4)** بیلٹ پیپر کے دستخط **CNIC** / پاسپورٹ پر کئے گئے دستخط کیساتھ مماثلت ہونی چاہئے۔ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) **(5)** نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، ہلکی لیڈ، اوور رائٹن پول پیپر، مسترد کردیا جائیگا۔ **(6)** ایک باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کا ایک نمائندہ ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ **2017** کے قابل اطلاق سیکشنز **138** یا **139** کے مطابق، بیلٹ پیپر کے ہمراہ لازمی طور پر مجاز فرد کے **CNIC** کی ایک نقل، بورڈ قرارداد کی تصدیق شدہ نقل/ پاور آف اٹارنی/ اتھارائزیشن لیٹر وغیرہ منسلک ہونا چاہئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ ہونے کی صورت میں، تمام دستاویزات، قونصل جنرل آف پاکستان سے تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے، جو ممبر پر دائرہ اختیار رکھتا ہے۔ **(7)** بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ **www.udpl.com.pk** پر بھی موجود ہے، ممبرز، بیلٹ پیپر ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اوریجنل/ اخبار میں شائع شدہ کی فوٹو کاپی بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔

مورخہ: _____ _____

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ

(کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، براہ کرم کمپنی کی مہر ثبت کریں)

Created by Universal Document Converter